96

Version No.				
3	0	3	8	1

ROLL NUMBER						

SOCIOLOGY HSSC–I

SECTION – A (Marks 20)

Time allowed: 25 Minutes

Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.

Do not use lead pencil.

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر نام مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Answer Sheet No. _____

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پُر کریں۔ **Invigilator Sign.** _____

Fill the relevant bubble against each question according to curriculum: **Candidate Sign.** _____

	Question سوال	A	B	C	D	A	B	C	D
1.	What kind of sociology was introduced by Ibne-Khaldun? ابن خلدون نے کون سی عمرانیات متعارف کروائی؟	Classical کلاسیکی	Modern جدید	Applied اطلاقی	Pure بنیادی	○	○	○	○
2.	In which type of Sociology the structure and functions of family is studied? عمرانیات کی کس قسم میں خاندان کی ساخت اور وظائف کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟	Social Anthropology سماجی بشریات	Sociology of family خاندان کی عمرانیات	Patriarchal family پدر سری خاندان	Sociology عمرانیات	○	○	○	○
3.	Who said that sociology is the study of social action? کس نے کہا تھا عمرانیات سماجی عمل کا مطالعہ ہے؟	Talcott Parsons ٹالکٹ پارسنز	Horton and Hunt ہارٹن اور ہنٹ	Max Weber میکس ویبر	Durkheim ایمائل ڈرخائم	○	○	○	○
4.	Where does the sociologist work as probation and pay role officer? پروبیشن اور پے رول افسر کے طور پر ماہر عمرانیات کہاں کام کرتا ہے؟	School سکول	Hospital ہسپتال	University یونیورسٹی	Jail جیل	○	○	○	○
5.	Society is the laboratory of: معاشرہ کس کی لیبارٹری ہے؟	Biology حیاتیات	Chemistry کیمیا	Physics طبعیات	Sociology عمرانیات	○	○	○	○
6.	Which of the following is the result of social interaction? سماجی تفاعل کا حاصل کیا ہے؟	Social processes سماجی مراحل	Religion مذہب	Action عمل	War جنگ	○	○	○	○
7.	Social action provides a base for: سماجی عمل کس کے لیے بنیاد فراہم کرتا ہے؟	Social relations سماجی تعلقات	Social interaction سماجی تفاعل	Conflict تصادم	Competition مسابقت	○	○	○	○
8.	Who introduced secondary group? ثانوی گروہ کس نے متعارف کروایا؟	Durkheim ایمائل ڈرخائم	C.H. Cooley سی۔ایچ کولے	McIver میکائیور	Max Weber میکس ویبر	○	○	○	○

	Question سوال	A	B	C	D	A	B	C	D
9.	Competition in which the solitary competitor is announced successful is called: وہ مسابقت جس میں فرد واحد کا انتخاب کیا جاتا ہے کو کیا کہتے ہیں؟	Formal رسمی	Informal غیر رسمی	Absolute قطعی	Relative اضافی	○	○	○	○
10.	The most fatal type of conflict is: تصادم کی سب سے مہلک قسم کون سی ہے؟	Religious مذہبی	Political سیاسی	Economic معاشی	War جنگ	○	○	○	○
11.	The fusion of previously two distinct groups into one is called: پہلے سے دو مختلف گروہوں کا آپس میں ایک ہو جانا کیا کہلاتا ہے؟	Assimilation انجذاب	Cooperation تعاون	Accommodation مصالحت	Acculturation ثقافت پذیری	○	○	○	○
12.	The economic division of society is called: معاشرے کی معاشی تقسیم کو کیا کہا جاتا ہے؟	Caste ذات	Class جماعت	Stratification درجہ بندی	Mobility حرکت پذیری	○	○	○	○
13.	What is the boundary wall of values called? اقدار کی چار دیواری کیا کہلاتی ہے؟	Sanctions مستحبات	Customs رواج	Social norms سماجی معمولات	Media میڈیا	○	○	○	○
14.	How many types of social norms are there? سماجی معمولات کی کتنی قسمیں ہیں؟	One ایک	Four چار	Two دو	Three تین	○	○	○	○
15.	What does heredity award? وراثت کیا عطا کرتی ہے؟	Education تعلیم	Knowledge علم	Achieved status اکتسابی منصب	Ascribed status نسبی منصب	○	○	○	○
16.	The type of society in which the people have permanent settlement is called: معاشرے کی وہ قسم جس میں لوگوں کی مستقل سکونت ہو کیا کہلاتی ہے؟	Sedentary اقامتی	Nomadic خانہ بدوش	Rural دیہی	Traditional روایتی	○	○	○	○
17.	What is the man-made part of environment called? ماحول کا انسان کا بنایا ہوا حصہ کیا کہلاتا ہے؟	Society معاشرہ	Culture ثقافت	Club کلب	Market مارکیٹ	○	○	○	○
18.	The fashion in today's world is the example of: آج کل کی دنیا میں فیشن کس کی مثال ہے؟	Cultural change ثقافتی تغیر	Development ترقی	Social change سماجی تغیر	Evolution ارتقاء	○	○	○	○
19.	The introduction of technology is the kind of_____ change. ٹیکنالوجی کا تعارف کس قسم کا تغیر ہے؟	Real حقیقی	Ideal تصوراتی	Social سماجی	Cultural ثقافتی	○	○	○	○
20.	How many major types of education are there? تعلیم کی بڑی قسمیں کتنی ہیں؟	Four چار	Five پانچ	Six چھ	Two دو	○	○	○	○

ROLL NUMBER							

SOCIOLOGY HSSC–I

96

Time allowed: 2:35 Hours **Total Marks Sections B and C: 80**

SECTION – B (Marks 50)

Q. 2 **a.** **Write brief answers of any FIFTEEN parts.** **(15 x 3 = 45)**

(i) What is the significance of sociology?

(ii) Is sociology a science, art or otherwise? Discuss briefly.

(iii) What is sociology of education?

(iv) What is meant by conflict?

(v) What is the difference between acculturation and assimilation?

(vi) What is meant by relative competition?

(vii) Write briefly on truce.

(viii) Identify tolerance with examples.

(ix) What is meant by social stratification?

(x) What is the difference between class and caste?

(xi) What is meant by territorial mobility?

(xii) What is the difference between horizontal and vertical mobility?

(xiii) What is the difference between folkways and mores?

(xiv) What is meant by law? Write briefly with examples.

(xv) What is the difference between status and role?

(xvi) What is meant by role conflict?

(xvii) Differentiate between social and cultural values?

(xviii) What is meant by belief?

(xix) Mention any three differences between rural and urban societies.

(xx) Identify any three significances of society.

(xxi) Write any three uniformities among the sub cultures of Pakistan.

b. **Attempt any ONE part.** **(1x 5 = 5)**

(i) What is the role of information technology in cultural change?

(ii) Briefly explain the role of political institution in assigning the responsibilities to the institutions.

SECTION – C (Marks 30)

Note: **Attempt any THREE questions.** **(3 x 10 = 30)**

Q. 3 What is the role of sociologists in the society? Explain in detail.

Q. 4 What is meant by social group? Also explain its different types in detail.

Q. 5 Identify and explain the cultural variability among the sub cultures of Pakistan in detail.

Q. 6 What is meant by family? Discuss its types and important functions in detail.

عمرانیات ایچ ایس ایس سی ۔ I

وقت:2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم:80

حصہ دوئم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر ۲: **الف۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پندرہ (15) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں۔** **(15x3 = 45)**

(i) عمرانیات کی کیا اہمیت ہے؟

(ii) کیا عمرانیات آرٹ، سائنس یا کچھ اور ہے؟ مختصر اُبیان کریں۔

(iii) تعلیم کی عمرانیات کیا ہے؟

(iv) تصادم سے کیا مراد ہے؟

(v) ثقافت پذیری اور انجذاب میں کیا فرق ہے؟

(vi) اضافی مسابقت سے کیا مراد ہے؟

(vii) عارضی صلح پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(viii) برداشت کی نشاندہی مثالوں کے ساتھ کریں۔

(ix) معاشرتی درجہ بندی سے کیا مراد ہے؟

(x) جماعت اور ذات میں کیا فرق ہے؟

(xi) زمینی حرکت پذیری سے کیا مراد ہے؟

(xii) افقی اور عمودی حرکت پذیری میں کیا فرق ہے؟

(xiii) لوک ریت اور معروف آداب میں کیا فرق ہے؟

(xiv) قانون سے کیا مراد ہے؟ مثالوں کے ساتھ مختصر اُتحریر کریں۔

(xv) منصب اور کار منصب میں کیا فرق ہے؟

(xvi) تصادم کار منصب سے کیا مراد ہے؟

(xvii) سماجی اور ثقافتی اقدار میں فرق بتائیں؟

(xviii) عقیدہ سے کیا مراد ہے؟

(xix) دیہی اور بلدیاتی معاشروں میں تین فرق بتائیں۔

(xx) معاشرے کی کوئی سی تین اہمیتوں کی نشاندہی کریں۔

(xxi) پاکستان کی ذیلی ثقافتوں میں کوئی سی تین ثقافتی مماثلتیں تحریر کریں۔

ب۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی سا ایک (1) جزو حل کیجیے۔ **(1x5=5)**

(i) ثقافتی تغیر میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کا کیا کردار ہے؟

(ii) اداروں کو ذمہ داریاں سونپنے میں سیاسی ادارے کا کردار مختصر اُبیان کریں۔

حصہ سوئم (کُل نمبر 30)

(کوئی سے تین سوال حل کیجیے۔) **(3x10 = 30)**

سوال نمبر ۳: معاشرے میں ماہرین عمرانیات کا کیا کردار ہے؟ تفصیل سے بیان کریں۔

سوال نمبر ۴: سماجی گروہ سے کیا مراد ہے؟ اس کی مختلف اقسام تفصیل سے بیان کریں۔

سوال نمبر ۵: پاکستان میں ذیلی ثقافتوں میں اختلافات کی نشاندہی کریں اور تفصیلی وضاحت کریں۔

سوال نمبر ۶: خاندان سے کیا مراد ہے؟ اس کی اقسام اور اس کے وظائف پر بحث کریں۔

98 97

ROLL NUMBER						

Version No.				
3	0	3	9	1

اردو اختیاری ایچ ایس ایس سی -I

حصہ اوّل (کُل نمبر 20)

وقت: 25 منٹ

Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.

Do not use lead pencil.

حصّہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Answer Sheet No. _____

Candidate Sign. _____

Invigilator Sign. _____

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پُر کریں۔

Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:

	سوال	الف	ب	ج	د	الف	ب	ج	د
1.	اردو کی پہلی نثری تصنیف کسے قرار دیا جاتا ہے؟	نوطرز مرصع	سب رس	معراج العاشقین	قصہ چہار درویش	○	○	○	○
2.	"آبِ حیات"، "سخن دانِ فارس" اور "نیرنگ خیال" کس کی تصانیف ہیں؟	سرسید احمد خان	نذیر احمد دہلوی	الطاف حسین حالیؔ	مولانا محمد حسین آزاد	○	○	○	○
3.	درج شدہ میں سے کس شخصیت کے ناول مقصدی ہیں؟	مولوی نذیر احمد	پریم چند	عبدالحلیم شرر	رتن ناتھ سرشار	○	○	○	○
4.	اردو میں ڈرامے کی ابتدا کس کے عہد میں ہوئی؟	بہادر شاہ ظفر	سعادت علی خان	محمد شاہ رنگیلا	واجد علی شاہ	○	○	○	○
5.	حالیؔ نے "حیوان ظریف" کس کو کہا ہے؟	سرسیّد احمد خان	منشی سجاد حسین	مرزا غالبؔ	اکبر الہ آبادی	○	○	○	○
6.	میر امن کے انداز تحریر کی خاص خوبی کیا ہے؟	پر تکلف تحریر	شاعرانہ نثر نگاری	سادگی	مشکل تراکیب کا استعمال	○	○	○	○
7.	سلمان کے باپ نے کتنے عرصے تک سرکاری ملازمت کی تھی؟	30سال	32سال	34سال	36سال	○	○	○	○
8.	ناول "آنگن" میں عالیہ نے کس کے قتل کی خبر اخبار میں پڑھی تھی؟	بڑے چچا	جمیل بھیا	چھمی	کریمن بوا	○	○	○	○
9.	چوری شدہ زیور کا ڈبا ٹھاکر صاحب کو کتنے عرصے بعد واپس ملا؟	دو ماہ بعد	تین ماہ بعد	چھے ماہ بعد	چار ماہ بعد	○	○	○	○
10.	کباڑی نے سنگ مرمر کے ٹکڑے کے کتنے دام بتائے؟ (بحوالہ افسانہ "کتبہ")	دو روپے	تین روپے	چار روپے	پانچ روپے	○	○	○	○
11.	حالیؔ نے شاعری کے لیے کتنی شرائط ضروری قرار دی ہیں؟	دو	تین	چار	پانچ	○	○	○	○
12.	انیسؔ اور دبیرؔ کی وجہ شہرت کون سی صنفِ شاعری ہے؟	غزل	قصیدہ	مرثیہ	مثنوی	○	○	○	○
13.	نظیر اکبر آبادی نے عام طور پر کس صنفِ سخن میں طبع آزمائی کی؟	غزل	قصیدہ	مرثیہ	نظم	○	○	○	○
14.	"برسات کی بہاریں" کی ہیت کیا ہے؟	مخمس	مسدس	مثلث	مربع	○	○	○	○
15.	"پرندوں کی دنیا کا _____ ہوں میں"	فقیر	رئیس	سردار	درویش	○	○	○	○
16.	علم بدیع کی اصطلاح میں مشہور واقعے، روایت، قصے کی طرف اشارہ کرنا کیا کہلاتا ہے؟	تلمیح	استعارہ	تشبیہ	کنایہ	○	○	○	○
17.	حفیظ جالندھری نے "شاہنامہ اسلام" کس فارسی شاعر کے انداز میں لکھا؟	خاقانیؔ	جامیؔ	سنائیؔ	فردوسیؔ	○	○	○	○
18.	نظم "اقبال" کے شاعر کون ہیں؟	ن۔م۔راشد	فیض احمد فیض	مجید امجد	حفیظ جالندھری	○	○	○	○
19.	درج شدہ میں سے کسے "شاعرِ مزدور" کہا جاتا ہے؟	مجید امجد	فیض احمد فیض	ن۔م۔راشد	احسان دانش	○	○	○	○
20.	"زندگی سے ڈرتے ہو؟" نظم کس صنف سے تعلق رکھتی ہے؟	پابند نظم	نثری نظم	آزاد نظم	مقفیٰ نظم	○	○	○	○

98

اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی - I

وقت: 2:35 گھنٹے — کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوئم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر ۲: افسانہ "زیور کا ڈبا" کے حوالے سے پرکاش کے کردار کا تفصیلی تجزیہ پیش کریں۔ **(12)**

(یا)

"خواجہ سگ پرست اور اس کے بھائیوں کے کرداروں میں نیکی اور بدی کا امتیاز موجود ہے۔" داستان کے شامل نصاب حصے میں سے مثالیں دے کر واضح کریں۔

سوال نمبر ۳: **درج ذیل میں سے کوئی سے تین اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔** **(3x5=15)**

(i) بادشاہ کو دوسرے ملک کی بادشاہت کس طرح مل گئی؟ (بحوالہ سبق "فسانہ سلطان یمن")

(ii) ڈراما "فاصلے" کے کردار منور بیگم عرف منجو پر مختصر تبصرہ کریں۔

(iii) "امالی" کون سی کتابیں ہوتی ہیں؟

(iv) تنقید کی کتابوں کے بارے میں مصنف نے کیا رائے دی ہے؟ (بحوالہ سبق "میل اور میں")

سوال نمبر ۴: **سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے:** **(1+1+5=7)**

الف۔ سلمان خاموش لیٹا سوچتا رہتا کہ یہ بوڑھا کس قدر بد قسمت ہے۔ اس نے اپنی ساری جوانی موٹی موٹی فائلوں میں سر کھپاتے گزار دی۔ افسران کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے دس دس بارہ بارہ گھنٹے دفتر میں کاٹے۔ ہمیشہ موٹا جھوٹا پیا اور روکھا سوکھا کھایا۔ اس نے زائد سے زائد مشقت کی، کم سے کم خرچ اور زائد سے زائد پس انداز کیا اور یہ سب کچھ اس نے صرف اس لیے کیا کہ اس کی اولاد کا مستقبل روشن ہو جائے۔

ب۔ کچھ شبہ نہیں کہ جو عادتیں اور رسمیں قوموں میں مروج ہیں ان کا رواج یا تو ملک کی آب و ہوا کی خاصیت سے ہوا ہے یا ان اتفاقیہ امور سے جن کی ضرورت وقتاً فوقتاً بے ضرورت تمدن و معاشرت کے پیش آتی گئی ہے یا دوسری قوم کی تقلید و اختلاط سے مروج ہو گئی ہیں یا انسان کی حالت ترقی یا تنزل نے اس کو پیدا کر دیا ہے۔ بس ظاہر اُنہی چار سبب ہر ایک قوم اور ہر ایک ملک میں رسوم و عادات کے مروج ہونے کا مبدا و منشا معلوم ہوتے ہیں۔

سوال نمبر ۵: **کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر اس طرح تشریح کیجیے کہ اشعار کی فنی خوبیاں نمایاں ہو جائیں۔ نیز نظم کا عنوان بھی لکھیے:** **(1+1+5=7)**

الف۔
ہے شہر میں شورشِ نفسانی، جنگل میں ہے جلوہ روحانی
ہے نگری ڈگری کثرت کی، بن وحدت کا دریا بابا!
دھن دولت آنی جانی ہے، یہ دنیا رام کہانی ہے
یہ عالم عالمِ فانی ہے، باقی ہے ذاتِ خدا بابا

ب۔
تیمور نے اک مورچہ زیر دیوار
دیکھا کہ چڑھا دانے کو لے کر سو بار
آخر سربام لے کے پہنچا تو کہا
مشکل نہیں کوئی پیش ہمت دشوار

سوال نمبر ۶: امتیاز علی تاج پر سوانحی و تنقیدی نوٹ لکھیں۔ **(09)**

(یا)

حفیظ جالندھری پر سوانحی و تنقیدی نوٹ لکھیں۔

حصہ سوئم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر ۷: **درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں:** **(10)**

الف۔ غلام عباس: ایک افسانہ نگار
ب۔ اکبر الہ آبادی کی طنزیہ و مزاحیہ شاعری
ج۔ علامہ شبلی نعمانی کی نثر نگاری
د۔ شوکت صدیقی کی ناول نگاری

سوال نمبر ۸: **درج ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیں:** **(10)**

الف۔ ڈراما
ب۔ مضمون

سوال نمبر ۹: **درج ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیں:** **(10)**

الف۔ قطعہ
ب۔ نظم